DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ 16-04-2023**

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | کوئٹہ سے پشاور جانیوالی جعفرایکسپریس بحال گورنر نے افتتاح کیا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ کا بلٹ اور بم پروف گاڑی استعمال نہ کرنے کا فیصلہ آئندہ مجھ سمیت کسی بھی وی آئی پی کیلئے روٹ نہیں لگے گا ،قدوس بزنجو۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | ملک کو بچانے کا واحد راستہ آئین وقانون کی حکمرانی ہے،مولانا عبدالوسع۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | مردم شماری علاقے کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حثیت رکھتی ہے،نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | اشیائے خوردونوش کی سمگلنگ روکنے کیلئے ہرممکن اقدامات کئے جائیں،ضیاء لانگو۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | اراکین کوامن وامان پران کیمرہ بریفنگ دی جائے،عبدالرحمان کھیتران۔ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | ایک لالھ خاندانوں کوراشن کی تقسیم کرنے کا کام تیزی سے جاری ہے مٹھاخان کاکڑ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | بلوچستان کی مردم شماری میں ماہ توسیع کی جائے اسد بلوچ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | کوسٹل بیلٹ اورلسبیلہ کی ماسٹر پلاننگ میں ہنگلاج ماتا مندر بھی شامل چیف سیکرٹری۔ | سنچری ودیگراخبارات |
| 10 | چمن اسمگلنگ کے واقعات سرحدی اضلاع میں چینی کی سپلائی پر پابندی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | ایڈیشنل چیف سیکرٹری کی زیرصدارت اجلاس اینٹی اسمگلنگ ونگ دوبارہ فعال بنانے کا فیصلہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | صحبت پورمحکمہ لائیوسٹاک نے جانوروں کی ویکسی نیشن کا آغاز کردیا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | بلوچستان کی میڈیا پرکوئی کوریج نہیں دی جاتی،سیکرٹری اطلاعات۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | اشیائے خوردونوش کی سمگلنگ روکنے کیلئے اہم فیصلے۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | گیس حادثات میں جاں بحق افراد کے لواحقین کومعاوضہ دیا جائے بلوچستان اسمبلی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | حکومت اوراداروں کی رسہ کشی مفادات کیلئے،جماعت اسلامی۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

تربت تخریب کاری کی کوشش ناکام،کوئٹہ میں پولیس کریک ڈاؤن اشتہاریوں سمیت 6 ملزمان گرفتار،کوئٹہ موٹرسائیکل چھیننے والے گروہ کا سرغنہ گرفتار پانچ موٹر سائیکل برآمد۔لڑائی جھگڑے اورحادثات میں 2 افراد ہلاک 4 زخمی،حب سبزی پھل فروشے سے 20 ہزارروپے چھین لئے گئے۔

مورخہ 16-04-2023

## عوامی مسائل

کوئٹہ سے دیگر صوبوں کو جانیوالی متعدد ٹرینوں کی بندش ہزاروں مسافروں کو آمدورفت میں مشکلات، سٹی نالے میں ایک بار پھر منشیات کے عادی افراد کے ڈیرے ،ایران کی جیل میں قید پاکستانی ماہی گیروں کو رہائی نہ مل سکی۔

**اداریہ:**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان کے راستے گندم اور دیگر اشیاء ضروریہ کی سرحد پار اسمگلنگ روکنے لئے لئے وفاقی اور صوبائی حکومت کے اہم فیصلے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے وفاقی وزیر داخلہ کی زیر صدارت اجلاس میں بلوچستان کے راستے گندم اور دیگر اشیاء ضروریہ کی افغانستان کو اسمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے کئی اہم فیصلے کئے گئے اجلاس کو بتایا گیا کہ اشیاءضروریہ کی ملک سے باہر سمگلنگ ہنگامی صوتحال کا سبب بن رہی ہے بلوچستان کے سرحدی اضلاع میں اس حوالے سے موثر اقدامات اٹھائے جائیں اور ضرورت سے زیادہ ذخیرہ اندوزی کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے۔سمگلنگ میں ملوث افسروں اور عملے کے خلاف بھی کاروائی ہوگی افاروں کے جوائنٹ آپریشن اور انٹیلی جنس شیئرنگ پر بھی کام کرنے کی ضرورت ہے۔جوائنٹ آپریشن اور انٹیلی جنس شیئرنگ پر بھی کام کرنے کی ضرورت ہے۔صوبے میں گندم کے کسی ممکنہ بحران سے بچنے اور عوام کو مناسب نرخوں پر گندم اور آٹے کی فراہمی کے لئے صوبائی حکومت کے فیصلوں اور ہدایت پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے گا۔

**اداریہ:**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے **وزیر اعلیٰ بزجو کے عوام دوست اقدامات قابل ستائش ولائق تحسین** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 16 APR 2023

Page No: 1


## کوئٹہ سے پشاور جانیوالی جعفر ایکسپریس بحال، گورنر نے افتتاح کیا

**گزشتہ سال ہرک پل سیلاب سے ٹوٹ گیا تھا، ڈی ایس ریلوے، ٹرین بحالی پر مسافروں کا اظہار مسرت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ نے فیتہ کاٹ کر جعفر ایکسپریس کی بحالی کا افتتاح کیا۔ 9 بوگیوں پہ مشتمل جعفر ایکسپریس 850 مسافروں کو لے کر کوئٹہ سے پشاور کے لئے صبح 9 بجے روانہ ہوئی، افتتاح کے موقع پر ڈی ایس ریلوے کوئٹہ ڈویژن فرید احمد و دیگر حکام بھی موجود تھے۔ جعفر ایکسپریس کی بحالی کے بعد ٹرین کے ذریعے کوئٹہ سے اندرون ملک جانے والے مسافروں نے خوشی کا اظہار کیا ہے، اس موقع پر ڈی ایس ریلوے فرید احمد نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ بولان میں ہرک پل گزشتہ سال 25 اگست کو گر گیا تھا، پل کی تعمیر کے لئے ڈیزائن چار نومبر کو مکمل ہوا تھا، این ایل سی نے دن رات محنت کر کے ہرک پل کو تعمیر کیا، پل کی تعمیر میں 56 کروڑ روپے لاگت آئی ہے، ان کا کہنا تھا کہ 25 اگست کے بعد آج سے کوئٹہ کا اندرون ملک رابطہ بحال ہو گیا ہے، ایک سوال کے جواب میں ڈی ایس کا کہنا تھا کہ اعلیٰ حکام سے درخواست کریں گے کہ بلوچستان سے بند دیگر ٹرینوں کی بحالی کے لئے اقدامات کئے جائیں گے، انہوں نے کہا کہ کوئٹہ، مچھ اور سبی ریلوے اسٹیشنوں کی تزئین و آرائش کا کام بھی مکمل کر لیا گیا ہے۔ دوران افتتاح کوئٹہ سے جعفر ایکسپریس کی سات ماہ اور 25 دن بعد بحالی پر اسٹیشن پر موجود ایک مسافر نصیب اللہ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اب انہیں آسانی ہو گئی ہے، اور وہ مناسب کرائے میں سفر کر سکیں گے، رفیق احمد نے کہا کہ پبلک ٹرانسپورٹ کے کرائے بہت زیادہ ہیں اور وہ یہاں پر مزدوری کرتے ہیں مجبوری میں وہ زیادہ کرایہ بھی ادا کرتے رہے ہیں لیکن ٹرین کے دوبارہ چلنے کی وجہ سے ان کی مشکل حل ہو گئی۔ محمد نثار نے کہا کہ کوئٹہ سے مزید ٹرینیں چلائی جائیں تاکہ مسافر آبائی علاقوں میں جانے کے لئے ٹرین سروس استعمال کر سکیں، اس موقع پر موجود دیگر مسافروں نے بھی ٹرین کی بحالی کا خیر مقدم کیا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## جعفر ایکسپریس 7 ماہ بعد بحال ہے، عوام کو بہتر سفری سہولتیاں کی فراہمی یقینی بنانا حکومت کا عزم ہے، عبدالولی کاکڑ

**7 ماہ سے ہرک ریلوے پل سیلابی ریلے میں بہہ جانے سے ٹرین کی سروس کوئٹہ سے بند تھی، پل کی دوبارہ تعمیر کے بعد آج سے ٹرین کی سروس بحال کر دی گئی**

**ملک کے دیگر صوبوں سمیت پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس ٹرین کی کوئٹہ سے بحالی مسافروں کیلئے خوش آئند ہے، گورنر بلوچستان کا تقریب سے خطاب**

**ریلوے کا ایک اپنا میکنزم سسٹم ہے، بلوچستان سے پاکستان کے دیگر صوبوں میں جانے والی بند ٹرینیں بہت جلد چلائی جائیں گی، ڈی ایس ریلوے کوئٹہ**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت کی کوشش ہے کہ عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے کوئٹہ سے ملک کے دیگر صوبوں سمیت پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس ٹرین کی کوئٹہ سے بحالی مسافروں کیلئے خوش آئند ہے، گزشتہ 7 ماہ سے ہرک ریلوے پل سیلابی ریلے میں بہہ جانے......


بقیہ 7 صفحہ نمبر 9 پر


سے ٹرین کی سروس کوئٹہ سے بند تھی، پل کی دوبارہ تعمیر کے بعد آج سے ٹرین کی سروس بحال کر دی گئی ہے یہ بات انہوں نے ڈی ایس ریلوے کوئٹہ فرید احمد کے ہمراہ کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر جعفر ایکسپریس کے افتتاح کرنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ یاد رہے کہ ہرک ریلوے پل گزشتہ سال مون سون کی بارشوں اور سیلاب کے باعث سیلابی ریلے میں بہہ گیا تھا اور کوئٹہ کا ٹرین کے ذریعے ملک کے دیگر صوبوں سے رابطہ منقطع ہو گیا تھا وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں این ایل سی نے دن رات کام کر کے بولان میں گزشتہ سال مون سون کی شدید بارشوں اور سیلاب سے بولان کے دشوار گزار پہاڑی سلسلے میں منہدم تاریخی ریلوے ہرک پل 221 کو دوبارہ گزشتہ دنوں این ایل سی نے 7 ماہ کے عرصے میں 65 کروڑ سے زائد کی لاگت سے دوبارہ بنا کر کوئٹہ سے پنجاب، سندھ اور خیبر پختون خواہ کے لیے ٹرینوں کی آمد و رفت کیلئے کھول دیا۔ جبکہ اس سے پہلے کوئٹہ سے مسافر بذریعہ کوچ مچھ ریلوے اسٹیشن سے ملک کے دیگر صوبوں کے لئے جاتے تھے۔ 9 بوگیوں پر مشتمل جعفر ایکسپریس تقریباً 850 سے زائد مسافروں کو لے کر پشاور کیلئے روانہ ہو گئی۔ ڈی ایس ریلوے کوئٹہ فرید احمد نے کہا ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 16 APR 2023 Page No: 2

# Balochistan reconnected with rest of country through railway

## Governor Kakar inaugurates Harak bridge swept away by floods 7 months ago

**Staff Report**

**QUETTA**: Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar has said that the government is trying to ensure the provision of better travel facilities to the people. Since last 7 months the train service was suspended from Quetta due to Harak railway bridge washed away by floods.

He said this while talking on the occasion of the inauguration of the Jafar Express at the Quetta railway station. It should be remembered that the Harak railway bridge was swept away by the flood last year due to the monsoon rains and floods, and Quetta is connected to other provinces of the country by train.

In the light of the special instructions of Federal Minister of Railways Khawaja Saad Rafiq, the NLC worked day and night in Bolan due to heavy monsoon rains and floods last year in the difficult mountain range of Bolan.

Recently, NLC rebuilt it at a cost of more than 65 crores in a period of 7 months and opened it for the traffic of trains from Quetta to Punjab, Sindh and Khyber Pakhtunkhwa. They used to go to other provinces of the country. Jafar Express with 9 bogies left for Peshawar with more than 850 passengers. DS Railway Quetta Farid Ahmad has said that the design of the collapsed bridge was finalized on November 4. NLC worked hard day and night to ensure the construction of the bridge. Trains from Balochistan to other provinces and cities of Pakistan will be run very soon, he said that the railway has its own maintenance system, our bridges are safe, on this occasion Governor Balochistan Jafar, who was traveling from Quetta to Peshawar. Inaugurated the express train and sent it towards its destination.

Commissioner Quetta Division Sohailur Rahman and DS Railway Farid Ahmed were also present on the occasion of the inauguration of the restoration of train service. It should be noted that last year in the month of August 2022, Harak bridge in Bolan was damaged due to monsoon flood. After eight months of shutdown, the public was happy with the resumption of domestic train service from the provincial capital Quetta. With the regular restoration of train service, this time on the occasion of Eid-ul-Fitr, a special Eid train will also depart from Quetta. Even today train travel is the cheapest and most comfortable travel. With the restoration of train service, safe travel facilities have been made available to the people across the province.

## اشیائے خورد و نوش کی سمگلنگ روکنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں، ضیاء لانگو

### محکمہ داخلہ کے سمگلنگ ونگ کو دوبارہ مکمل فعال کرنے کیلئے کارروائیاں شروع کرنیکا فیصلہ

### ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خاتمے کیلئے بھرپور کوشش کی جائیں اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی حکومت کی جانب سے دی گئی ہدایات اور وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو کے خصوصی احکامات پر صوبہ بلوچستان سے دیگر علاقوں بالخصوص ہمسایہ ممالک کی طرف سمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے میں اجلاس منعقد کیا گیا۔ اجلاس صالح محمد ناصر ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان کے زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں پاکستان کسٹمز، ایف بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر

سی پولیس، ڈویژنل و ضلعی سطح کے تمام حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں طے پایا کہ صوبہ بھر میں قائم کیے گئے جوائنٹ چیک پوسٹوں پر تمام متعلقہ محکموں کے اہلکاران تعینات کیے جائیں، جو تمام تر اشیائے خورد و نوش کی سمگلنگ کی روک تھام کے لیے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائینگے۔ ضلعی سطح پر قائم کی گئی کمیٹیاں فعال کی جائیں اور ضلعی انتظامیہ دیگر حکام کے تعاون سے صوبہ بھر میں ذخیرہ اندوزی و منافع خوری کے خاتمے کے لیے بھرپور کوششیں یقینی بنائیں۔ وزیر داخلہ بلوچستان کی خصوصی ہدایات پر اجلاس میں یہ بھی طے پایا کہ محکمہ داخلہ بلوچستان کی موجودہ اینٹی سمگلنگ ونگ کو دوبارہ مکمل طور پر بحال کیا جائیگا اور جلد ہی مذکورہ بالا ونگ اپنی سرگرمیاں شروع کر دے گی۔

## مردم شماری میں لورالائی کی آبادی کو کم کرنا ظلم ہے، حاجی محمد خان

### مستقبل میں بہت سے نقصانات ضلع کے قسمت میں لکھے جائینگے جو برداشت نہیں

لورالائی (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی راہنما، صوبائی وزیر صنعت و حرفت حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ لورالائی میں حالیہ مردم شماری میں لورالائی کی آبادی کو کم کرنا یہ لورالائی کے ساتھ لورالائی کے عوام کے ساتھ ایک ظلم ہے اور ہم یہ کسی بھی صورت برداشت نہیں کرتے کیونکہ پاکستان میں ہر دس سال کے بعد مردم شماری اور خانہ شماری ہوتی ہے اور پھر اسی حساب سے وسائل کی تقسیم ہوتی ہے لورالائی سے بعد میں جدا ہونے والی اضلاع کی آبادی زیادہ جبکہ ہماری کم ہوئی ہے لورالائی دور دراز علاقوں پر مشتمل ضلع ہے اور اسی دوران روزے بھی آگئے جس سے مردم شماری کرنے والے بہت سے مشکلات کا شکار رہے۔ اور انتظامیہ کی کوتاہی کے ساتھ ساتھ سیاسی پارٹیوں کے بھی کچھ کوتاہی سرزد ہوئی ہے جس کے مستقبل میں بہت سے نقصانات ضلع کے قسمت میں لکھے جائینگے میں اس سلسلے میں اسلام آباد میں اعلیٰ احکام سے بھی بات کرونگا تاکہ وہ ہمارے مشکلات دور دراز علاقے کی وجہ سے ابھی تک ٹیمیں نہیں پہنچے ہیں انکے ازالے کے لیے مزید وقت دیا جائیں اور سیاسی پارٹیاں اور دیگر حضرات بھی اپنا کردار ادا کریں۔ تاکہ ہم سب ملکر لورالائی میں مردم شماری کے مسئلہ پر قابو پاسکیں اور لورالائی کو نقصانات سے بچاسکیں۔ اور رہ جانے والے علاقوں میں مردم شماری کے عملے کے ساتھ تعاون کریں۔ حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے کہا اس سلسلے میں وہ وفاقی حکومت کے احکام وزیر اعلیٰ بلوچستان کمشنر لورالائی اور دیگر متعلقہ احکام سے میں رابطے میں ہوں۔ اور باپ لورالائی کے کارکن بھی اس سلسلے میں کردار ادا کریں۔ انشاء اللہ ہم لورالائی کو ایسا نقصان نہیں ہونے دینگے لورالائی کا مفاد مستقبل کے وسائل حقوق پر ہم کسی بھی حد تک جاسکتے ہیں اور ہر فورم پر آواز اٹھائینگے۔

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 16 APR 2023 Page No: 7

کی اسمگلنگ روکنے کیلئے وفاقی حکومت نے اینٹی اسمگلنگ ٹاسک فورس قائم کی ہے جس میں وفاقی وزیر داخلہ، چیمبر آف کامرس، کسٹم، ایف سی، اور دیگر اسٹیک ہولڈر شامل ہیں انھوں نے کہا کہ اسمگلنگ کی روک تھام صرف انتظامیہ کی نہیں بلکہ سسٹم کا مینڈیٹ ہے تمام ریاستی ادارے ملکر یوریا کھاد اور چینی کی اسمگلنگ کرنے والے مافیا کے خلاف جوائنٹ ایکشن لیں گے چیف سیکرٹری نے کہا کہ گزشتہ روز اسلام آباد میں منعقدہ پروینشل اینٹی اسمگلنگ ٹاسک فورس کی میٹنگ میں اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی ہے، بہت جلد اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے حکومتی اقدامات کو عوام نتیجہ خیز دیکھیں گے۔

## کوسٹل بیلٹ اور لسبیلہ کی ماسٹر پلاننگ میں ہنگلاج ماتا مندر بھی شامل

### ہنگلاج ماتا کا سالانہ سہ روزہ میلہ بلوچستان میں مذہبی رواداری کی مثال ہے، چیف سیکرٹری

لسبیلہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ کوسٹل بیلٹ اور لسبیلہ کی ماسٹر پلاننگ میں ہنگلاج ماتا مندر کو بھی ترقیاتی پیکج میں شامل کیا گیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی کابینہ اور صوبے کے تمام افسران ہنگلاج ماتا میلے میں شرکت کرنے والے بلوچستان سندھ اور پاکستان کے ہندو کیمونٹی سے تعلق رکھنے والے یاتریوں کی خدمت کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں ان خیالات کا اظہار انھوں نے ہفتہ کے روز ہنگلاج ماتا مندر کے دورے کے موقع پر ہنگلاج شیوا منڈلی اراکین ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری مذہبی اقلیتی امور نور محمد جوگیزئی، سیکرٹری C&W علی اکبر بلوچ، چیف انجینئر مواصلات ڈاکٹر سجاد، سیکرٹری PHE صالح محمد، ڈائریکٹر PDMA نصیر ناصر، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ مراد خان کاسی، ایم پی اے وچیئرمین اقلیتی کمیشن مکھی شام لعل لاسی اور ہنگلاج شیوا منڈلی کے کمیٹی کے جنرل سیکرٹری ورجی مل، صدر مکھی ونود کمار، کونسلر پرکاش کمار، ڈاکٹر تولہ رام و دیگر موجود تھے، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا کہ ہنگلاج ماتا کا سالانہ سہ روزہ میلہ بلوچستان میں مذہبی رواداری کی مثال ہے ہماری کوشش ہے کہ مذہبی سیاحت کو فروغ دینے کے ساتھ یہاں آنے والے ہندو یاتریوں کو وہ تمام تر بنیادی سہولیات میسر ہوں جو ملک کے دیگر علاقوں کی مذہبی اقلیتوں کو حاصل ہیں انھوں نے کہا کہ ہنگلاج ماتا میں جاری ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر اور عدم پیش رفت کی عوامی شکایات سامنے آنے پر ہم نے فوری طور پر نوٹس لیکر سیکرٹریز کی ٹیم بھیجی اور میرے دورے کا مقصد یہاں جاری ترقیاتی منصوبوں کے پیش رفت کا جائزہ لینا اور ترقیاتی فنڈز کے درست استعمال کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنا ہے چیف سیکرٹری بلوچستان نے کہا کہ ہنگلاج ماتا مندر کا سالانہ گرانٹ بڑھانے کیلئے کوششیں کرونگا انھوں نے کہا کہ ماسٹر پلاننگ کے تحت ہنگلاج ماتا مندر میں آنے والے یاتریوں کی رہائش کیلئے جدید طرز تعمیر کے ہوٹل، پنڈال اور پارک اور دیگر منصوبوں پر کام جاری ہے ہماری کوشش ہے کہ جو ترقیاتی کام جاری ہیں انہیں رواں سال مالی جون تک مکمل کیا جائے اور ماسٹر پلان منصوبے میں شامل ہنگلاج ماتا مندر منصوبوں کو آئندہ مالی سال 2024ء کی مقررہ مدت سے قبل مکمل کیا جائے انھوں نے کہا کہ انتظامی افسران سے لیکر سیکرٹری لیول تک سرکاری افسران روزانہ کی بنیاد پر میلے کے انتظامات کا جائزہ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنارہے ہیں چیف سیکرٹری نے کہا کہ 28 اپریل سے 30 اپریل تک سہ روزہ سالانہ ہنگلاج میلے میں میڈیکل کیمپ اور ویکسین کیمپ، 24 گھنٹے ہیلپ لائن کی سہولت اور ہنگلاج مندر کے داخلی وخارجی راستوں پر اسنیپ چیکنگ کیلئے پولیس کے جوان تعینات ہونگے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ اور ہنگلاج شیوا منڈلی کمیٹی سے میلے کے حوالے سے رواطہ میں ہوں ہم نے ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن واضح احکامات دیئے ہیں قبل ازیں چیف سیکرٹری بلوچستان نے ہنگلاج ماتا مندر کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ بلوچستان کے سرحدی علاقوں سے آٹا اور یوریا کھاد

MASHRIQ QUETTA

## ہنگلاج ماتا کا سالانہ میلہ بلوچستان میں مذہبی رواداری کی مثال ہے، چیف سیکرٹری

ہماری کوشش ہے کہ مذہبی سیاحت کو فروغ دینے کے ساتھ یہاں آنے والے ہندو یاتریوں کو وہ تمام تر بنیادی سہولیات میسر ہوں، عبدالعزیز عقیلی

### کوسٹل بیلٹ اور لسبیلہ کی ماسٹر پلاننگ میں ہنگلاج ماتا مندر کو بھی ترقیاتی پیکج میں شامل کیا گیا ہے، ہنگلاج شیوا منڈلی اراکین سے بات چیت

لسبیلہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ کوسٹل بیلٹ اور لسبیلہ کی ماسٹر پلاننگ میں ہنگلاج ماتا مندر کو بھی ترقیاتی پیکج میں شامل کیا گیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی کابینہ اور صوبے کے تمام افسران ہنگلاج ماتا میلے میں شرکت کرنے والے بلوچستان سندھ اور پاکستان کے ہندو کیمونٹی سے تعلق رکھنے والے یاتریوں کی خدمت کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں ان خیالات کا اظہار انھوں نے ہفتہ کے روز ہنگلاج ماتا مندر کے دورے کے موقع پر ہنگلاج شیوا منڈلی اراکین ملاقات کے دوران بات...... بقیہ نمبر 54 صفحہ 9 پر

چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری مذہبی اقلیتی امور نور محمد جوگیزئی، سیکرٹری C&W علی اکبر بلوچ، چیف انجینئر مواصلات ڈاکٹر سجاد، سیکرٹری P H E صالح محمد، ڈائریکٹر PDMA نصیر ناصر، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ مراد خان کاسی، ایم پی اے وچیئرمین اقلیتی کمیشن مکھی شام لعل لاسی اور ہنگلاج شیوا منڈلی کے کمیٹی کے جنرل سیکرٹری ورجی مل، صدر مکھی ونود کمار، کونسلر پرکاش کمار، ڈاکٹر تولہ رام و دیگر موجود تھے، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا کہ ہنگلاج ماتا کا سالانہ سہ روزہ میلہ بلوچستان میں مذہبی رواداری کی مثال ہے ہماری کوشش ہے

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

DATE: 16 APR 2023

Page No: 9


## بلوچستان کو میڈیا پر کوریج نہیں دی جاتی، سیکرٹری اطلاعات

### اگر کوریج دی بھی جاتی ہے تو زیادہ تر منفی خبریں دکھائی جاتی ہیں

### بڑے ٹی وی چینلز پر بلوچستان کو اوسطاً یومیہ صرف 34 سیکنڈ ملتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے سیکریٹری اطلاعات حمزہ شفقات نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری اپنے ایک پیغام میں بلوچستان کی میڈیا کوریج پر شکوہ ہے

(باقی صفحہ 4 نمبر 16)

ب نظر آ رہے ہیں۔ آج کل بلوچستان میں تعینات اسلام آباد کے سابق ڈپٹی کمشنر حمزہ شفقات کا موقف تھا کہ بلوچستان کو میڈیا پر بالکل بھی کوریج نہیں دی جاتی اور اگر دی بھی جائے تو صرف منفی خبریں دکھائی جاتی ہیں اپنی ٹوئیٹ میں حمزہ شفقات کا کہنا تھا کہ بطور سیکریٹری اطلاعات میرا اپنے دفتر میں پانچواں مہینہ ہے۔ ان پانچ ماہ میں بلوچستان حکومت نے اپنے بہترین پرفارمنس کے کم از کم 20 سے زائد میڈیا پیکج خبریں کر کے بھیجے لیکن کسی بڑے ٹی وی چینل نے ایک بھی آن ایئر نہیں کیا۔ حمزہ شفقات کے مطابق حیرانگی کی بات یہ ہے کہ بڑے ٹی وی چینلز پر اوسطاً بلوچستان کو ایک دن میں صرف 34 سیکنڈ ملتے ہیں اور وہ بھی صرف منفی خبریں۔ انہوں نے سوال کیا کہ یہ نیوز چینلز بلوچستان کی مثبت کوریج کرنے میں اتنے ہچکچاتے کیوں ہیں جبکہ اسلام آباد کے گریڈ 17 کے افسران کو بھی کوریج ملتی ہے؟ بی بی سی سے گفتگو کرتے ہوئے حمزہ شفقات کا کہنا تھا کہ ہم میڈیا کو کوریج کے لیے تو بلاتے ہیں لیکن ہماری کوئی خبر میڈیا پر نہیں چلتی کیونکہ بلوچستان کو نہ تو ناظرین دستیاب ہیں اور نہ ہی ریٹنگ میسر۔ اس لیے میڈیا کی بلوچستان میں دلچسپی نہیں ہے۔ دھماکا ہو تو ٹکر چلا دیے جاتے ہیں لیکن یہاں کے مسائل حل ہو جائیں یا ڈیم بنا دیے جائیں تو میڈیا اسے نہیں دکھاتا۔

## اشیائے خورونوش کی سمگلنگ روکنے کیلئے اہم فیصلے

### جوائنٹ چیک پوسٹوں پر تمام متعلقہ محکموں کے اہلکار تعینات ہوں گے

کوئٹہ (خ ن) وفاقی حکومت کی جانب سے دی گئی ہدایات اور میر ضیاء اللہ لانگو وزیر داخلہ بلوچستان کے خصوصی احکامات پر صوبہ بلوچستان سے دیگر علاقوں بالخصوص ہمسایہ ممالک کی طرف سمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس صالح محمد ناصر

(باقی صفحہ 4 نمبر 18)

ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں پاکستان کسٹمز، ایف سی، پولیس، ڈویژنل و ضلعی سطح کے تمام حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں طے پایا کہ صوبہ بھر میں قائم کی گئی جوائنٹ چیک پوسٹوں پر تمام متعلقہ محکموں کے اہلکاران تعینات کیے جائیں، جو تمام تر اشیاء خورونوش کی سمگلنگ کی روک تھام کے لئے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائیں گے۔ ضلعی سطح پر قائم کی گئی کمیٹیاں فعال کی جائیں اور ضلعی انتظامیہ دیگر حکام کے تعاون سے صوبہ بھر میں ذخیرہ اندوزی و منافع خوری کے خاتمے کے لئے بھرپور کوششیں تیز کی جائیں۔ میر ضیاء اللہ لانگو وزیر داخلہ بلوچستان کی خصوصی ہدایات پر اجلاس میں یہ بھی طے پایا کہ محکمہ داخلہ بلوچستان کی موجودہ اینٹی سمگلنگ ونگ کو دوبارہ مکمل طور پر بحال کیا جائیگا اور جلد ہی مذکورہ بالا ونگ اپنے سرگرمیاں شروع کر دے گی۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: بلوچستان نیوز

Bullet No. 6 DATE: 16 APR 2023 Page No: 14

## وزیراعلیٰ بزنجو کے عوام دوست اقدامات قابل ستائش ولائق تحسین

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے گزشتہ روز ایک بار پھر اسی عزم کا اظہار اور اعادہ کیا ہے کہ ان کی زیر قیادت یہ موجودہ مخلوط صوبائی حکومت صوبے کے دیرینہ مسائل کے حل اور عوام کی امیدوں توقعات پر پورا اترانے کے لئے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی اور صوبے کے تمام اضلاع اور تمام علاقوں پر یکساں توجہ مرکوز کرتے ہوئے صوبے کی ترقی اور خوشحالی کا سفر جاری رکھا جائے گا وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو سے گزشتہ روز صوبائی وزراء اراکین اسمبلی اور کوآرڈینیٹرز نے ملاقات کی ملاقات میں صوبے کے سیاسی و ترقیاتی امور پر بات چیت کی گئی ملاقات کرنے والوں میں صوبائی وزراء نور محمد دمڑ مبین خلجی زمرک خان اچکزئی سردار عبدالرحمان کھیتران میر محمد خان لہڑی سردار مسعود لونی مٹھا خان کاکڑ پارلیمانی سیکرٹری خلیل جارج اراکین اسمبلی میر حمل کلمتی مولوی نوراللہ یونس عزیز زہری اور اختر حسین لانگو کوآرڈینیٹرز ملک امان اللہ خان اور امرالدین آغا شامل تھے صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی کی جانب سے حکومت پر بے جا تنقید کی مذمت کرتے ہوئے منفی تنقید کو سختی سے مسترد کر دیا گیا ملاقات کے شرکاء نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی صوبے کی تعمیر و ترقی، سیاسی استحکام، بیوروکریسی کی اعتماد سازی اور مثبت پالیسوں پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور گزشتہ ڈیڑھ برس کے عرصہ میں ریکوڈک معاہدہ، بارڈر ٹریڈ، روزگار کی فراہمی تعلیم و صحت کے شعبوں میں اصلاحاتی عمل پر وزیراعلیٰ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ کی قیادت میں موجودہ حکومت نے بہت سے ایسے اہداف حاصل کیے جنکا ماضی میں تصور بھی نہیں کیا جاسکتا تھا وزیراعلیٰ نے اپنے سیاسی تدبر حکمت عملی اور وژن سے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا وزیراعلیٰ نے اہم صوبائی امور پر تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیا اور سب کو ساتھ لیکر چلنے کی پالیسی کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں صوبائی وزراء کا کہنا تھا کہ جو اہم فیصلے وزیراعلیٰ کی قیادت میں صوبائی حکومت نے کیے ان کے مثبت اثرات مستقبل قریب میں سامنے آئیں گے ملاقات میں آئندہ مالی سال کے بجٹ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ آئندہ مالی سال میں بھی تمام علاقوں کو یکساں منصوبے دیں گے کسی بھی علاقے سے سیاسی بنیادوں

دینے پر حکومت اور اپوزیشن کے ساتھیوں کا شکر گزار ہوں انہوں نے کہا کہ میں نے کبھی خود کو عقل کل نہیں سمجھا مشاورت اور رہنمائی کے حصول پر یقین رکھتا ہوں اور صوبے کی ترقی اولین ترجیح ہے جس کے لیے مشاورتی عمل جاری رکھیں گے۔ وزیراعلیٰ کا عزم اپنی جگہ قابل ستائش دوسری جانب وزراء اراکین اسمبلی اور کور آرڈی نیٹرز کی بات میں بھی سولہ آنے اور سو فیصد حقیقت ہے کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نہ صرف اتحادی جماعتوں بلکہ اپوزیشن کو بھی ساتھ لے کر صوبے کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے فہم وفراست اور تدبر و حکمت عملی سے کام کررہے ہیں اسی حکمت تدبر اور دوراندیشی کی بدولت ریکوڈک کے حالیہ معاہدے میں بلوچستان کا شیئر خاطر خواہ حد تک بڑھا ہے اور نہ صرف اسی معاہدے میں بلوچستان کا شیئر غیر معمولی حد تک بڑھا ہے بلکہ اب آئندہ صوبے میں جس بھی معدنی وسیلے سے متعلق جو بھی معاہدہ کسی کمپنی کے ساتھ ہوگا اس میں ریکوڈک معاہدے کی نظیر سامنے رکھ کر بلوچستان کا حصہ، ملازمتیں، کمپنیوں کی سماجی ذمہ داریوں کا تعین ہوگا اسی طرح وزیراعلیٰ کی اس بات سے بھی بھی مکمل اتفاق ہے کہ انہوں نے حکومت اور اپوزیشن کے حلقوں کو یکساں اہمیت دی ہے اس سے قبل سابق دور حکومت میں تو حالت یہ تھی کہ اپوزیشن اراکین اپنے حلقوں میں سیاسی مداخلت اور ترقیاتی منصوبوں میں اپوزیشن کے حلقوں کو نظر انداز کرنے، اپوزیشن اراکین کے حلقوں میں جاری سکیمات کے لئے کم فنڈز مختص کرنے کے معاملات پر نہ صرف عدالتوں میں گئے بلکہ نوبت بہ ایں جا رسید کہ بلوچستان اسمبلی کے بجٹ اجلاس کے موقع پر انتہائی ناخوشگوار واقعات تک پیش آئے اور اپوزیشن اراکین اگلے کئی دنوں تک تھانے میں رہے اس کے برعکس وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو جب قائد ایوان منتخب ہوئے تو انہوں نے اسمبلی کے فلور پر اعلان کیا کہ وہ اپوزیشن کو ساتھ لے کر چلیں گے اور حتی الوسع کوشش کریں گے کہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے فعال و متحرک کردار ادا کریں اس وقت کے وزیراعظم عمران خان اور موجودہ وزیراعظم شہباز شریف سے ہونے والی ملاقاتیں ہوں، اسمبلی فلور اور کابینہ اجلاسوں تک وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو اپنے وعدوں پر عمل پیرا ہیں ان کی کوشش اور خواہش ہے کہ بلوچستان کے تمام حلقوں میں یکساں ترقیاتی عمل جاری رکھا جائے ہم ان کی اس

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6

DATE: 16 APR 2023

Page No: 15

## سمگلنگ روکنے کیلئے مشترکہ چیک پوسٹوں کی منظوری

وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ اور وزیر دفاع خواجہ آصف کی زیر صدارت اجلاس میں پولیس، کسٹم اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں پر مشتمل جوائنٹ چیک پوسٹوں کے قیام کی منظوری دے دی گئی ہے۔ بارڈر پر سمگلنگ کا سلسلہ ایک لمبے عرصے سے جاری ہے، مگر علم ہونے کے باوجود ابھی تک اسے بند نہیں کیا گیا، بارڈر کے ساتھ ساتھ سمگلنگ روکنے کیلئے اقدامات نہیں اٹھائے جا رہے۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں فرق اسمگلنگ کی بنیادی وجہ بنتی ہے اور اسی وجہ سے مصنوعی قلت پیدا ہوتی ہے۔ اس وقت بھی بارڈر پر ایسے بیں سمگلنگ روٹس ہیں، جن کے ذریعے گندم، چینی اور دیگر اشیائے خورد و نوش پاکستان سے افغانستان پہنچائی جاتی ہیں۔ اس وقت چاغی بلوچستان کا ایک اہم پوائنٹ ہے، جہاں سے چینی افغانستان سمگل کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ بلوچستان کے افغانستان سے متصل دیگر علاقوں جیسے چمن، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، پشین اور ژوب کے علاقے بھی سمگلنگ روٹ میں شامل ہیں۔ پہلے گندم، کھاد، چینی اور اشیائے ضروریہ کو چاغی تک بس، گاڑی، ٹرک یا پھر ٹرین کے ذریعے پہنچایا جاتا ہے اور پھر وہاں سے ڈکھ کے ریگستانی علاقے سے افغانستان تک پہنچا دیا جاتا ہے۔ چاغی پہنچنے والی ٹرین زیادہ تر ایران کے شہر زاہدان کی طرف جاتی ہے لیکن اس سے پہلے ہی نوکنڈی ریلوے سٹیشن پر اس سے کھاد، دوائیں اور دیگر اشیائے خورد و نوش چھوٹی گاڑیوں کے ذریعے افغانستان بھیج دیا جاتا ہے۔ یہی طریقہ کار سرحد سے متصل دیگر علاقوں کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ان سب چور دروازوں کا قانون نافذ کرنے والے اداروں کو علم ہے، لہٰذا اب نئی چوکیاں انہی پوائنٹس پر بنائی جائیں۔

Balochistan Time Quetta

# Reviving agriculture

Climate change followed by drought and heavy floods has increased challenges for the country like Pakistan and it has caused severe damages to its important agriculture sector.

The World Bank has estimated the damages caused by the recent monsoon and floods at 29 billion dollars. In the context of Rabi season which has come to a head, the flood water in the low-lying areas of Lower Punjab, Sindh and Balochistan is still standing due to which the wheat crop seems to be affected.

In 2020-21, its cultivated area was 91 lakh 68 thousand acres, which increased to 89 lakh 76 thousand in 2021-22 and the production decreased by 3.9%. In the latest report of the United Nations, despite the fact that the flood water level has decreased from 34 to 78% in 18 out of 22 districts of Sindh, there is a fear of increasing food insecurity, while the government estimates to import 25 lakh tons of wheat next year.

On the other hand, due to the Russia-Ukraine war and the resulting recession, wheat prices have further increased globally. In European countries, this rate is double compared to last year, which is causing new problems for developing countries, and even if the US's recent increase in interest rates has made up for it, it will have an impact on other countries as well.

As far as the population of Balochistan is scattered, the majority of its people are associated with agriculture and livestock to earn a livelihood. Balochistan has remained in the grip of long droughts while last year devastating floods badly destroyed standing crops.

In order to control food insecurity and shortage, the government ought to come up with incentives for farmers and landlords so that they could irrigate their lands and produce maximum production.

The agricultural lands in flood hit areas need government's support so that they could be made cultivable. Balochistan being the largest province of Pakistan in terms of territory still offers huge opportunities of agriculture.

There are millions of hectares of uncultivated land available in the province but lack resources and these lands are not being cultivated. Provision of financial assistance and latest technology to the farmers, the insecurity and shortage of food can be addressed in a befitting way.

The government must focus on revival of agriculture sector as it is the backbone of the economy of the entire country particularly that of Balochistan. The developed agriculture sector can be the guarantee of food security and employment.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 16 APR 2023 Page No:________



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ ریل سروس کی بحالی کا افتتاح کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ ریل سروس کی بحالی کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سیلاب سے متاثرہ بیروک پل کی تعمیر کے بعد ریل سروس کی بحالی کا افتتاح کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.________ DATE: 16 APR 2023 Page No:________




QUETTA: Governor Balochistan Abdul Wali Kakar inaugurating restoration of train service from Balochistan to rest of the country on Saturday.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 16 APR 2023 Page No:________



خاران: چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی کیڈٹ کالج کی افتتاحی
تقریب میں کمشنر رخشان طارق الرحمن بلوچ کو شیلڈ دے رہے ہیں



خاران: چیف سیکرٹری عبدالعزیز
ڈپٹی کمشنر منیر احمد موسیانی کو شیلڈ دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کو ہنگلاج مندر میں سینیٹر دنیش کمار کے فنڈز سے جاری ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کر رہے ہیں



لسبیلہ، چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی کو شری ہنگلاج ماتا ویلفیئر اینڈ ڈیولپمنٹ سوسائٹی کے عہدیداران پگڑی پہنا رہے ہیں